علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

ا۔امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

۲۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی مواد کی چوری (PLAGIARISM) پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: عمرانیات (9432/5415) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | امتحانی مشق نمبر 1 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ:۱تا۴)

سوال نمبر1۔ عمرانی تحقیق میں مسئلۂ تحقیق کے انتخاب اور تحقیق کے سوالات کی تشکیل کی اہمیت بیان کریں۔ وضاحت کریں کہ ایک واضح مسئلۂ تحقیق کس طرح تحقیق کے مقاصد، طریقہ کار اور نتائج کی سمت متعین کرتا ہے۔ (20)

سوال نمبر2۔ عمرانی نظریہ (Sociological Theory) سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں کہ نظریات سماجی رویوں اور معاشرتی مظاہر کی تشریح میں کس طرح مدد دیتے ہیں۔ مختلف نظریاتی نقطۂ نظر کی افادیت مثالوں کے ساتھ بیان کریں. (20)

سوال نمبر3۔ سماجی کاری (Socialization) کے عمل کی وضاحت کریں۔ خاندان، تعلیمی ادارے، ہم عمر گروہ اور ذرائع ابلاغ فرد کی شخصیت، اقدار اور سماجی رویوں کی تشکیل میں کس طرح کردار ادا کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4۔ سماجی تعامل (Social Interaction) معاشرتی زندگی کی بنیاد کیوں سمجھا جاتا ہے؟ روزمرہ زندگی کی مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں کہ افراد کے باہمی تعامل سے سماجی تعلقات اور گروہی رویے کس طرح تشکیل پاتے ہیں۔(20)

سوال نمبر5۔ سماجی حیثیت (Status) اور سماجی کردار (Role) کے تصورات کی وضاحت کریں۔ متوقع اور ادا کردہ کردار میں فرق بیان کرتے ہوئے واضح کریں کہ کرداروں میں تنازع فرد کی سماجی زندگی کو کس طرح متاثر کر سکتا ہے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ:۵تا۹)

سوال نمبر1۔ معاشرتی مسئلہ (Social Problem) کیا ہے؟ وضاحت کریں کہ کسی انفرادی مسئلے کے معاشرتی مسئلے میں تبدیل ہونے کے لیے کن عوامل کا کردار ہوتا ہے۔ پاکستانی معاشرے سے مناسب مثالیں بھی دیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ سماجی انحراف (Social Deviance) اور سماجی کنٹرول (Social Control) کے باہمی تعلق کا جائزہ لیں۔ رسمی اور غیر رسمی سماجی کنٹرول کے ذرائع کس طرح معاشرتی نظم برقرار رکھنے میں کردار ادا کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر3۔ سماجی تبدیلی ایک مسلسل عمل ہے۔ جدید ٹیکنالوجی، تعلیم، شہری کاری اور ذرائع ابلاغ نے پاکستانی معاشرے میں پیدا ہونے والی سماجی تبدیلی کو کس طرح متاثر کیا ہے؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ سماجی ترقی کے عمل میں تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی کی اہمیت کا جائزہ لیں۔ وضاحت کریں کہ تعلیم معاشرتی نقل و حرکت، روزگار اور معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں کس طرح معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ (20)

سوال نمبر5۔ کمیونٹی کی سطح پر مقامی لوگوں کی شرکت ترقیاتی پروگراموں کی کامیابی کے لیے کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کریں کہ کمیونٹی کی شمولیت، مقامی قیادت اور اجتماعی فیصلہ سازی کس طرح پائیدار ترقی کو فروغ دے سکتی ہے۔ (20)